RISING SUN EDUCATION
& WELFARE SOCIETY

# اصلی چیزوں کو تصویر میں پہچاننا سیکھائیں

**مقصد:** بچوں کو چیزوں کی پہچان کروانا تا کہ وہ ایک چیز کو کسی دوسری جگہ یا تصویر میں دیکھیں تو پہچان کر بتا سکیں۔

**طریقہ کار:**

بچوں کو روزمرہ استعمال کی چیزوں یا کھلونوں کی تصویریں جیسا کہ "گیند"، "بوتل" وغیرہ باری باری دکھائیں۔ پھر وہ اصل چیزیں ان کے سامنے رکھیں۔ اِس کے بعد ان کی تصاویر کے ساتھ باری باری ملا کر رکھ کر دکھائیں۔ اور ان سے بھی ایسا کرنے کو کہیں۔

آہستہ آہستہ زیادہ اصل چیزیں اور ان کی تصویریں بچے کے سامنے مکس کر کے رکھیں اور بچے کو خود سے چیز کو اُٹھا کر اس کی تصویر کیساتھ رکھنے کو کہیں۔ ایسا کرنے پر اسکی حوصلہ افزائی کریں۔








Rising Sun Institute for Special Children

# دائرہ بنانا سکھائیں

**مقصد:** بچوں کو لکھائی کی شروعات کیلئے مہارت سکھانا۔

**طریقہ کار:**

بچے کو پہلے خود سے واضح رنگ میں کاغذ، وائٹ بورڈ یا سینڈ ٹرے (Sand Tary) وغیرہ پر دائرہ بنا کر دکھائیں۔ بچے کا ہاتھ پکڑ کر دائرے پر پنسل پھیریں۔







بچے کو دائرے کی شکل میں تھوڑے تھوڑے فاصلے پر نقطے لگا کر دیں۔ اور بچے سے کہیں کہ ان نقطوں کو آپس میں ملاتا جائے۔
ایک وقت میں کم از کم پانچ مرتبہ دائرہ بنوائیں۔ یہ مشق وقتاً فوقتاً دہراتے رہیں۔ اور بچے سے دائرہ کھلوانے کی کوشش بھی کرتے رہیں۔

دائرہ بنانے میں ہاتھ پکڑ کر یا زبانی بچے کی مدد کرتے رہیں۔ یہاں تک کہ وہ آپ کی مدد اور ہدایات کے بغیر بھی خود سے دائرہ بنانے کے قابل ہو جائے۔

اس کی پریکٹس ڈرائینگ اور کلرنگ کے دوران بھی کروائی جا سکتی ہے۔

اسی طریقہ سے باقی سٹروکس جیسا کہ سیدھی لائن، متوازی لائن، V کا نشان، + کا نشان وغیرہ بھی سکھائے جا سکتے ہیں۔







Rising Sun Institute for Special Children

# "چھوٹا" اور "بڑا" بتانا سکھائیں

**مقصد:** بچوں کو چھوٹی اور بڑی چیزوں کی پہچان کروانا، ان کا فرق بتانا اور ان کا نام لینے کے قابل بنانا۔

**طریقہ کار:**

آپ بچوں کو دورانِ کھیل چھوٹے بڑے کھلونے مکس کرکے رکھ دیں جیسا کہ "چھوٹا گیند اور بڑا گیند" اور "چھوٹی بڑی گاڑی" یا "برتن" وغیرہ۔








اگر ان چیزوں کا رنگ اور ڈیزائن ایک جیسا ہو تو زیادہ مناسب ہوگا۔

بچوں کو کھلونے پکڑاتے ہوئے بتائیں کہ یہ چھوٹا ہے، یہ بڑا ہے۔


اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے بچوں کو مختلف کھیلوں جیسا کہ "کار ریس" "گیند کیچ" اور "چھوٹے بڑے فلور میٹ پر جمپنگ" وغیرہ میں مصروف رکھیں۔

ایک وقت میں ایک چیز سے متعارف کروائیں اور اِس دوران پہلے "بڑا" کا لفظ دہراتے جائیں۔ اور اِس کے بعد "چھوٹا"۔

یہ جاننے کے لیئے کہ بچہ چھوٹا اور بڑا کا فرق سمجھ گیا ہے بچے کو چھوٹی اور بڑی چیز کی طرف اشارہ کرنے، اسے پکڑنے یا اس سے کھیلنے کا کہیں یا سوال کریں۔ جہاں مناسب سمجھیں بچے کی مدد کریں۔

مزید پختگی کے لئے مختلف سرگرمیوں جیسا کہ کلرنگ، ڈرائنگ کے دوران اور کھانے پینے کی اشیاء اور گھر کی مختلف اشیاء جیسا کہ فروٹ، سبزیاں، سرہانے، بیڈ، دروازے، برتن وغیرہ استعمال کرتے ہوئے بھی بچوں کو بتاتے اور ان سے پوچھتے رہیں تاکہ بچہ اسے بھولنے نہ پائے۔







Rising Sun Institute for Special Children

RISING SUN EDUCATION & WELFARE SOCIETY

# تین بنیادی اشکال کا بتانا سکھائیں

## مقصد:

بچوں کو تین بنیادی اشکال گول (  )، چوکور (  ) اور تکون (  ) کی پہچان اور فرق بتانا۔

## طریقہ کار:

بنیادی اشکال کا تعارف کروانے کے لئے بچے کو پہلے کسی ایک شکل جیسا کہ "گول" اشیاء جسطرح پلیٹ، بوتل کا ڈھکن وغیرہ دکھائیں اور بتاتے جائیں کہ یہ گول ہیں اور اس دوران بچے کے ہاتھ کو گولائی میں پھیرتے ہوئے بھی اس کی شکل محسوس کروائیں۔

مزید دو گتے ایک جیسی گولائی میں کاٹیں۔ اور بچے کو کہیں کہ ایک گول کو دوسرے گول کے ساتھ رکھ کر دکھائے۔


جب بچہ خود سے گول کو میچ کرنے لگ جائے تو باقی شکلیں بھی رکھ دیں اور دیکھیں کہ بچہ اب بھی گول کو ڈھونڈ کر ٹھیک میچ کر رہا ہے۔

بچے سے پوچھتے جائیں کہ گول کونسا ہے؟ گول کدھر ہے؟ بچہ جب گول پر ہاتھ رکھ کر بتا دے تو اس طرح پوائینٹنگ بھی سیکھ لیتا ہے۔

اس دوران شکلوں کے نام بتاتے اور پوچھتے جائیں تا کہ بچہ ان کی میچنگ اور پوائینٹنگ کے ساتھ ساتھ ان کے نام لے کر بتانا بھی سیکھ جائے۔

اسی طرح باری باری باقی شکلوں کو بھی متعارف کروائیں۔

ان اشکال کو آپ مختلف کھلونوں کیساتھ، ڈرائینگ، پینٹنگ اور کسی گتے یا شیٹ کو کاٹ کر ان پر جمپنگ کروا کر بھی سکھا سکتے ہیں۔












Rising Sun Institute for Special Children

RISING SUN EDUCATION
& WELFARE SOCIETY

# جسم کے حصوں کا اشاروں سے بتانا سکھائیں


**مقصد:** بچوں کو جسم کے حصوں کی پہچان کروانا تا کہ وہ جسم کے حصوں کا فرق، اِن کا کام جان سکھیں اور ان کی نشاندہی کر سکیں۔

**طریقہ کار:**

بچے کو آئینہ کے سامنے کھڑا کریں۔اور خود بھی ساتھ کھڑا ہو جائیں۔

اب سامنے آئینے کی طرف دیکھتے ہوئے اپنی ناک کو چھوئیں اور کہیں کہ یہ میری ناک ہے۔ پھر بچے سے پوچھیں کہ آپ کی ناک کہاں ہے۔ اگر بچہ خود سے اشارہ نہیں کرتا تو اِس کے ہاتھ کیساتھ آئینے میں دیکھتے ہوئے اس کی ناک کو چھوئیں۔ یہ عمل بار بار کروائیں جب تک بچہ خود سے اشارہ کرنا نہ سیکھ لے۔





پھر بچے کو اِس کے من پسند کھلونے جیسا کہ گڑیا کو پکڑاتے ہوئے پوچھیں کہ گڑیا کی ناک کہاں ہے۔ جب بچہ بتادے تو خوشی کا اظہار کرتے ہوئے تالی بجا کر اسکی حوصلہ افزائی کریں۔

اس طرح باری باری جسم کے باقی حصوں کا بھی بتانا سیکھائیں۔

اسی طرح مختلف سرگرمیوں،تصویروں اور فلیش کارڈز کی مدد سے بھی جسم کے حصوں کی نشاندہی کروائی جا سکتی ہے۔

Rising Sun Institute for Special Children

RISING SUN EDUCATION
& WELFARE SOCIETY

# لمبا چھوٹا کا بتانا سکھائیں

## مقصد:

بچوں کو لمبے اور چھوٹے کا فرق سمجھنا اور بتانا سکھانا۔

## طریقہ کار:

بچے کو کھیل کے دوران لمبی اور چھوٹی مختلف چیزیں دیں جیسا کہ پنسل، سٹرا، موزے، چھڑی وغیرہ اور اسے بتاتے اور دہراتے جائیں کہ یہ لمبی پنسل ہے، یہ چھوٹی پنسل ہے۔

شروع میں دونوں چیزوں کی لمبائی میں زیادہ فرق رکھیں۔ پھر یہ فرق کم کرتے جائیں۔

پھر بچے کے سامنے دونوں چیزیں رکھ کر اسے مختلف ہدایات دیں جیسا کہ "لمبی پنسل سے لکھو"، "چھوٹی پنسل مجھے دو"، "چھوٹے موزے کون سے ہیں" وغیرہ۔ اگر بچہ آپ کی ہدایت کے مطابق عمل کرے تو اسکی حوصلہ افزائی فرمائیں۔

اسی طرح مختلف سرگرمیوں، گھریلو چیزوں اور ڈرائینگ وغیرہ کے ذریعے بھی بچے کو لمبی اور چھوٹی چیزوں کی پہچان کروائیں۔
اور گھر میں موجود لمبے اور چھوٹے قد والے افراد کو ایک ساتھ کھڑا کر کے بچے کو فرق دکھائیں۔



Rising Sun Institute for Special Children

RISING SUN EDUCATION

# مختلف سطحوں کے نام بتانا سکھائیں

**مقصد:**


عمومی طور پر پانچ سطحیں ہیں جن کی بچوں کو پہچان کروائی جاتی ہے تاکہ وہ جب اشیا کو دیکھیں تو درست طریقہ سے پہچان کرسکیں اور کسی قدر ان کو بیان کرسکیں۔

**سطحوں کے نام:** نرم، سخت، کھردرا، ملائم اور نوکیلا

**طریقہ کار:**

بچوں کو مختلف قسم کی اشیاء اور کھلونے اُن کے ہاتھوں میں دیں تاکہ ان کا دل کھیلنے کی طرف راغب ہو۔ ایسا عمل دن کے مختلف اوقات میں کم یا زیادہ دورانیہ کیلئے دہرائیں۔








اِس دوران بچوں کو ان تمام چیزوں کے نام بھی بتائیں اور دہراتے جائیں کہ یہ نرم ہے، یہ کھردرا ہے، یہ سخت ہے، یہ ملائم ہے، یہ نوکیلا ہے۔ اور بچے کا ہاتھ بھی اسکی سطح پر پھیرتے جائیں۔

پانچ مختلف قسم کی سطح رکھنے والی چیزوں کو ایک ڈبہ میں رکھیں۔ بچے اس کے اندر ہاتھ ڈال کر چیز پکڑے اور بتائے کہ اس کی سطح کیسی ہے۔ پھر اس چیز کو باہر نکالے تو آپ دیکھیں کہ اِس نے صرف ہاتھ سے محسوس کرکے اس کی سطح کا نام صحیح لیا ہے یا کہ نہیں۔ ضرورت پڑنے پر اُس کی مدد بھی کریں۔




شروع میں صرف دو سطح کی قسمیں بتائیں جن کے چھونے میں بہت زیادہ فرق ہو۔ جیسا کہ نرم، سخت یا نوکیلا۔ جب دو کا فرق سمجھ میں آجائے تو آہستہ آہستہ اپنی مدد کم کرتے جائیں۔ اور سطحیں بڑھاتے جائیں۔

Rising Sun Institute for Special Children


# 1 سے 10 چیزوں کو گن کر بتانا

**مقصد:** بچوں کو دس چیزوں کی گنتی سکھانا تا کہ درست طریقہ سے چیزیں گن کر ان کی تعداد بتا سکے۔

## طریقہ کار:

بچوں کو دورانِ کھیل ایک قسم کی (10) اشیاء جیسا کہ بٹن، ڈھکن، پینسل، چیچ، فروٹ، کھلونے وغیرہ دیں۔ اور ایک ایک کر کے گنتے ہوئے اُسے پکڑائیں اور ساتھ ساتھ بتاتے جائیں کہ کتنی ہیں۔ پھر بچے سے گننے کو اور دہرانے کو کہیں۔ یہ عمل دِن میں بار بار دہرائیں۔






ہاتھ کی انگلیوں کی مدد سے بھی گنتی سکھا سکتے ہیں۔




شروع میں 1-3 اشیاء کی گنتی کرنا سکھائیں۔ اگر بچہ سیکھ جائے تو آہستہ آہستہ گنتی آگے بڑھاتے جائیں۔

مختلف سرگرمیوں جیسا کہ کلرنگ، ڈرائینگ اور پیسٹنگ کے دوران بھی گنتی سکھائی جا سکتی ہے۔




بچوں کو ایسی نظمیں یاد کروائیں جن میں گنتی ہو جیسا کہ:

دھوبی آیا کپڑے لایا کتنے کپڑے لایا ایک، دو، تین

Rising Sun Institute for Special Children

# حرف "a" سے بننے والے الفاظ کو ملانا

## مقصد:

بچوں کو حرف "a" سے بننے والے الفاظ کی پہچان کروانا۔

## طریقہ کار:

ایک کاغذ پر حرف "a" درمیان میں لکھیں اور اس کے اردگرد حرف "a" سے بننے والے مختلف الفاظ کی تصویریں بنائیں اور اِن میں دیگر حروف سے بننے والے الفاظ کی تصاویر بھی مکس کریں۔

پھر بچے سے اِن تصاویر کے نام باری باری پوچھیں۔ ضرورت پڑنے پر بچے کی مدد بھی کریں۔

جب بچہ درست نام بتا دے تو اسے کہیں کہ ان تصاویر میں سے صرف اُن کو حرف "a" سے ملائیں جن کے الفاظ حرف "a" سے شروع ہوتے ہیں۔ بچے کی رہنمائی کے لئے ایک تصویر جیسا کہ "apple" جو کہ حرف "a" سے شروع ہوتا ہے اِسے لکھے ہوئے حرف "a" سے ملانے کو کہیں۔ اسی طرح حرف "a" سے شروع ہونے والے تصویروں کے تمام الفاظ کے مطابق حرف "a" سے ملانے کا کہیں۔

اسی طرح b, c, d.......z کے حروف اور ان سے بننے والے الفاظ کی پہچان کروائیں۔




Rising Sun Institute for Special Children

RISING SUN EDUCATION
& WELFARE SOCIETY

# چیزوں کو نمبرز سے ملانا سکھائیں

## مقصد:

بچوں کو چیزیں گن کر ان کے نمبرز سے ملانا سکھانا۔





## طریقہ کار:

دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں مختلف چیزوں جیسا کہ پھلوں وغیرہ کی تصویریں بنائیں اور دوسرے کالم میں نمبر اوپر نیچے مختلف ترتیب سے لکھیں۔

بچے سے کہیں کہ پہلی لائن میں بنے پھلوں کو گن کر بتائے کہ یہ کتنے ہیں۔ جب بچہ یہ پھل درست گن لے تو اسے کہیں کہ دوسرے کالم میں موجود اُتنے نمبر کیساتھ ملا دے۔

اسی طرح باری باری تمام لائنوں میں بنائے گئے سارے پھل بچہ گنے اور دوسرے کالم میں صحیح نمبر سے ملاتا جائے۔

صحیح ملانے پر اسکی حوصلہ افزائی کرتے رہیں اور ضرورت پڑنے پر اُس کی مدد کریں۔

| پھل (Fruits) | (No. of Fruits) پھلوں کی تعداد |
|---|---|
|  | 6 |
|  | 5 |
|  | 3 |
|  | 8 |

اسی طرح 1 سے 10 تک کے نمبرز کو چیزوں سے ملانا سکھائیں۔

Rising Sun Institute for Special Children

# اردو حرف "آ" کا تعارف

**مقصد:** "آ" کی پہچان اور الفاظ میں اِس کا استعمال کروانا۔

**طریقہ کار:**

بچے کو بتائیں کہ اردو حروف تہجی میں "آ" پہلا حرف ہے۔
"آ" کی ادائیگی اِس طرح کریں گے "اِلف مَد" "آ"۔
الفاظ کو پڑھتے وقت ایسا ہی پڑھیں گے جیسا کہ "آم"۔ اسے یوں پڑھیں گے "آ آم"۔
"آ" سے "آم" نہیں کہیں گے۔ یعنی "آ" کو آواز کیساتھ کہیں گے۔
بچے کو فلیش کارڈ کے ذریعے مختلف تصویریں دکھا کر بتائیں کہ ہر تصویر کے نام کو بولتے ہوئے ایک خاص آواز آ رہی ہے۔
جیسے "آ" "آم"، "آ" "آڑو"، "آ" "آگ"۔












"آ" لکھنا سکھاتے ہوئے نقطوں کی مدد سے "آ" لکھیں۔ اور بچے سے کہیں کہ اِن نقطوں پر پینسل پھیرے۔ ساتھ ساتھ بچے کو کہیں کی لکھتے ہوتے "آ" بولتا جائے۔ آہستہ آہستہ نقطوں کے بغیر لکھنا سکھائیں۔
جب بچے کو "آ" کی پہچان اور استعمال آجائے تو بچے سے "آ" سے شروع ہونے والی چیزوں پر دائرہ لگوائیں۔
اسی طرح "ا"، "ب"، "پ" سے "ے" تک کے حروف کی پہچان کروائیں۔




Rising Sun Institute for Special Children